## میرے لئے پاکستان کا مفاد سب سے عزیز ہے، پاکستان کی بقاء وسلامتی اور امن واستحکام کیلئے طالبان سے بھی بات کرنے کیلئے تیار ہوں۔الطاف حسین

## تمام طالبان لیڈروں، نوجوانوں اور طلبہ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خدارا پاکستان دشمنوں کی سازش کو سمجھیں اور تشدد کے بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کریں

## اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے، وہ تشدد اور جبر کا نہیں بلکہ امن وسلامتی، رواداری اور انسانوں سے محبت کی تعلیم دیتا ہے

## ایسا نظام قائم کرنا چاہتے ہیں کہ ملک میں استحکام ہو، فوج قبائلی علاقوں کے بجائے اپنی بیرکوں میں ہو اور قبائلی علاقوں کی مقامی پولیس، فورسز اور عوام خود اپنے علاقوں میں امن وسلامتی قائم کریں۔الطاف حسین

## ایم کیو ایم قبائلی عوام کے ساتھ ہے اور انکے حقوق کی حمایت کرتی ہے، فاٹا گرینڈ الائنس کے سربراہ ملک خان مرجان وزیر سے گفتگو

## آپ نے صوبہ قبائلستان کیلئے جس طرح آواز اٹھائی ہے اس سے ہماری آواز میں اور طاقت آگئی ہے۔ملک خان مرجان کی قائد تحریک الطاف حسین سے گفتگو

لندن۔۔۔ 12 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میرے لئے پاکستان کا مفاد سب سے عزیز ہے اور میں پاکستان کی بقاء وسلامتی اور امن واستحکام کیلئے طالبان سے بھی بات کرنے کیلئے تیار ہوں۔انہوں نے یہ بات فاٹا گرینڈ الائنس کے سربراہ ملک خان مرجان وزیر سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی دشمن طاقتیں ایک سازش کے تحت ہمیں آپس میں لڑا کر تباہ وبرباد کردینا چاہتی ہیں لہٰذا میں تمام طالبان لیڈروں، نوجوانوں اور طلبہ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خدارا پاکستان دشمنوں کی سازش کو سمجھیں اور تشدد کے بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کریں اور قبائلی علاقوں کے بزرگوں، معززین اور دیندار لوگوں سے مشاورت کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے، وہ تشدد اور جبر کا درس نہیں دیتا بلکہ امن وسلامتی، رواداری اور انسانوں سے محبت کی تعلیم دیتا ہے۔اسلام حصول علم کا درس دیتا ہے، نبی کریمؐ کی حدیث مبارکہ ہے کہ علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت دونوں پر فرض ہے لہٰذا اسکولوں کو تباہ کرنا کسی بھی طرح درست نہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم ملک میں ایسا نظام قائم کرنا چاہتے ہیں کہ ملک میں استحکام ہو، فوج قبائلی علاقوں کے بجائے اپنی بیرکوں میں ہو اور قبائلی علاقوں کی مقامی پولیس، فورسز اور عوام خود اپنے علاقوں میں امن وسلامتی قائم کریں اور اپنے معاملات چلانے میں بااختیار ہوں۔ فاٹا گرینڈ الائنس کے سربراہ ملک خان مرجان وزیر نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ ہم بات چیت پر یقین رکھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ قبائلی علاقوں کے نوجوانوں کے خلاف طاقت کے استعمال کے بجائے ان کے ساتھ قبائلی بزرگوں کے ذریعے بات چیت کی جائے۔انہیں بہتر مشاورت کی ضرورت ہے۔دشمن ہمیں استعمال کررہا ہے اور آپس میں لڑا کر نقصان پہنچانے کی سازش کررہا ہے۔ملک خان مرجان وزیر نے کہا کہ فاٹا کے عوام کے ساتھ بہت ظلم ہوا ہے، وہ محروم ہیں، انہیں قبائلی علاقوں کے محروم عوام کو ان کے حقوق ملتے تو آج یہ مسائل نہ ہوتے۔بعض سیاسی عناصر فاٹا اصلاحات کو بھی اپنے ناجائز مفاد کیلئے استعمال کرنا چاہتے ہیں لیکن قبائل اپنا تشخص ضرور برقرار رکھیں گے۔ ملک خان مرجان نے صوبہ قبائلستان کیلئے آواز اٹھانے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے سرائیکی صوبہ اور ہزارہ صوبہ کے ساتھ ساتھ صوبہ قبائلستان کیلئے جس طرح آواز اٹھائی ہے اس سے ہماری آواز میں اور طاقت آگئی ہے اور اب ہم سب محروم ومظلوم عوام ملکر اس حقوق کی جدوجہد کو آگے بڑھائیں گے۔ملک مرجان وزیر نے کہا کہ آج کا دور نفرتوں کو پھیلانے کا نہیں بلکہ محبتوں کو عام کرنے کا دور ہے، ہم محروم لوگ پاکستان کو کمزور نہیں بلکہ مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ فاٹا کے عوام نے پاکستان کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں، ہم ان قربانیوں کی قدر کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ فاٹا کے عوام کو بھی اپنے تمام حقوق ملنے چاہئیں۔ایم کیو ایم فاٹا کے قبائلی عوام کے ساتھ ہے اور انکے حقوق کی مکمل حمایت کرتی ہے اور سرائیکی صوبہ اور ہزارہ صوبہ کے ساتھ ساتھ صوبہ قبائلستان کیلئے بھی بھرپور طریقے سے آواز اٹھا رہی ہے اور اب انشاء اللہ صوبہ قبائلستان کو بننے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ جناب الطاف حسین نے خان مرجان سے کہا کہ انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام پارلیمنٹیرین کو ہدایت کردی ہے کہ قبائلی علاقوں کے عوام ہمارے بھائی ہیں لہٰذا وہ قومی اسمبلی، سینیٹ اور ہر فورم پر قبائلی علاقوں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائیں۔انہوں نے بتایا کہ ایم کیو ایم کے سیکریٹریٹ پر دنیا بھر سے قبائلی بھائیوں کے فون آرہے ہیں اور وہ صوبہ قبائلستان کے مطالبہ پر بہت خوش ہیں اور اس کا زبردست خیر مقدم کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم اور فاٹا کے درمیان دوستی اور محبت کا ایسا رشتہ بن گیا ہے جو مضبوط سے مضبوط تر ہوتا جائے گا۔ملک خان مرجان وزیر نے فاٹا کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرنے اور صوبہ قبائلستان کیلئے آواز بلند کرنے پر فاٹا کے تمام قبائل کی جانب سے جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی قیادت کا دلی شکریہ ادا کیا۔

## حروں کے روحانی پیشوااور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ سیدشاہ مردان شاہ ثانی پیرصاحب پگاراکی تدفین
## اورحرجماعت کے آٹھویں پیرپگاراکی دستاربندی کی رسم میں ایم کیوایم کے وفدکی شرکت
## وفدکی پیرصبغت اللہ شاہ راشدی اورصدرالدین شاہ راشدی،امتیازشیخ،امام الدین اوردیگرعزیزواقارب سے ملاقات
## ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وافسوس کااظہارکیا
## پیرپگارامرحوم کی مغفرت،درجات کی بلندی اورسوگوارالہٰخانہ،مریدین،معتقدین اوردیگرعقیدت مندوں کے صبرکیلئے دعائیں کیں
## وفدمیں رابطہ کمیٹی ارکان ڈاکٹرصغیراحمد،وسیم آفتاب،اشفاق منگی،حق پرست نمائندے زبیراحمد،صلاح الدین
## اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران اورایم کیوایم سکھراورخیرپورزون کے انچارجزواراکین کے علاوہ کارکنان بھی شامل تھے

خیرپور۔۔۔12جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفدنے حروں کے روحانی پیشوابزرگ سیاستداں اور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ سیدشاہ مردان شاہ ثانی المعروف پیرصاحب پگارا مرحوم کی نمازجنازہ اورتدفین میں شرکت کی اورمرحوم کے صاحبزادوں پیرصبغت اللہ شاہ راشدی ،صدرالدین شاہ راشدی اورعلی گوہرشاہ راشدی سمیت مسلم لیگ (فنکشنل ) کے رہنماؤں امتیازشیخ ،امام الدین اوردیگرعزیزواقارب سے ملاقات کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پیرصاحب پگاراکے انتقال پردلی افسوس اورتعزیت کااظہارکیااورمرحوم کی مغفرت،درجات کی بلندی اورروح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اورمرحوم کے سوگوارلواحقین،تمام مریدین،عقیدت مندوں اورمعتقدین کے صبرجمیل کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پرحرجماعت کی رسومات کے مطابق جماعت کے معززین خلفاء نے پیرصاحب پگاراکے بڑے صاحبزادے پیرصبغت اللہ راشدی کوحرجماعت کا آٹھواں پیرپگارامنتخب کیااوران کی دستاربندی اورتاج پوشی بھی کی گئی۔اس سے قبل پیرصاحب پگاراکی میت لندن سے سکھرائیرپورٹ پہنچی توایم کیوایم کے وفدکے ارکان نے ان کے صاحبزادوں کے ہمراہ جنازے کووصول کیااورجلوس جنازے کے ہمراہ پیرجوگوٹھ پہنچے جہاں آٹھویں پیرپگاراکی دستاربندی کے بعدپیرصاحب پگاراکی نمازجنازہ اداکی گئی اورتدفین عمل میں آئی۔اس موقع پرپیرصاحب پگارامرحوم کے صاحبزادوں منتخب پیرپگاراپیرصبغت اللہ راشدی،صدرالدین راشدی اورعلی گوہرشاہ راشدی سمیت مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماؤں اوردیگرسوگوارلواحقین مریدین اورمعتقدین نے ایم کیوایم کے وفدکی نمازجنازہ اورتدفین میں شرکت اورتعزیت پرجناب الطاف حسین اورایم کیوایم کاشکریہ اداکیا۔ایم کیوایم کے وفدمیں اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹرصغیراحمد،وسیم آفتاب،اشفاق منگی،حق پرست صوبائی وزیرزبیراحمد،رکن قومی اسمبلی صلاح الدین ،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران،ایم کیوایم سکھراورخیرپورزون کے انچارج زواراکین کے علاوہ کارکنان کی بہت بڑی تعدادشامل تھی۔

## مظلوم قومیتوں سمیت خواتین کے حقوق کااستحصال کرنے والوں کولگام دینے والی شخصیت قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہی ہے
## حق پرست صوبائی وزیرنثارپہنور،رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہیدبیگم اوردیگرکاجلسہ عام کے سلسلے میں منعقدہ کارنرمیٹنگوں سے خطاب
## سکھرکی یوسی 11B،یوسی 4میں اجتماعات اوریوسی 11Aاوریوسی 21میں خواتن کی کارنرمیٹنگوں کاانعقاد
## گوپانگ،گڈانی،عباسی،انصاری،کمبوہ اورقریشی برادری کی شخصیات نے شرکت کی اورجلسہ عام میں بھرپورشرکت کی یقین دہانی کرادی

سکھر۔۔۔12،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 20جنوری کوسکھرکے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں کارنرمیٹنگوں کے انعقادکاسلسلہ جاری ہےاورجلسہ عام کے سلسلے میں عوام وکارکنان میں زبردست جوش وخروش دکھائی دے رہا ہے۔ایم کیوایم سکھرزون شعبہ خواتین کے تحت جلسہ عام کیلئے جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گزشتہ روزیوسی 11Bاوریوسی 4میں اجتماعات منعقدہوئےجن میں نوجوانوں،بزرگوں کے علاوہ گوپانگ،گڈانی،عباسی،انصاری،کمبوہ اورقریشی برادری کی معززشخصیات نے شرکت کی اورجلسہ عام میں بھرپورشرکت کی یقین دہانی کرائی۔اسی طرح سکھرکی یوسی A-11اوریوسی 21میں خواتین کی کارنرمیٹنگیں منعقدہوئیں جن سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہیدبیگم،ایم کیوایم شعبہ خواتین سکھرکی انچارج محترمہ ساجدہ بختیاراوراراکین نے خطاب کیا۔کارنرمیٹنگوں میں خواتین نے کثیرتعدادمیں شرکت کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کااظہارکیا۔کارنرمیٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کے استحکام کیلئے

ایم کیوایم کا کردار مثالی رہا ہے اور ایم کیوایم ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے آئندہ بھی اپنے حق پرستانہ مشن، مقصد اور نظریئے پر کاربند رہے گی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم قومیتوں سمیت خواتین کے حقوق کا استحصال کرنے والوں کو لگام دینے والی شخصیت صرف اور صرف قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہی ہے اور انہوں نے سب سے پہلے خواتین میں احساس تحفظ کے ساتھ شعور بیدار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم قومیتوں کے حقوق کی جدوجہد میں خواتین قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں مظلوم عوام کے علاوہ خواتین کی شرکت تعداد کے لحاظ سے انشاءاللہ تعالیٰ متاثر کن ہوگی۔ انہوں نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ جلسہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور ثابت کردیں کہ وہ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ جدوجہد میں شریک ہیں۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کی پڑوسی آنسہ نجم سحر کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے پڑوسی سلیم کی ہمشیرہ آنسہ نجم سحر بنت محمد میاں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی نائن زیرو کے پڑوسی سلیم سے ان کی ہمشیرہ نجم سحر کے انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' سندھ کی ترقی وخوشحالی اور پاکستان کی مضبوطی کی ضمانت ہے، نثار پنہور، منوہرلعل
## چک شہر میں ہینڈبل کی تقسیم اور شبیرآباد، گاؤں رئیس علی نواز پھنور، گاؤں نیک محمد پنہوار اور گاؤں حاجی مرادشکارپور میں منعقدہ بڑی کارنرمیٹنگز سے خطاب

شکارپور۔۔۔12، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 20، جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے انعقاد کے سلسلے میں رابطوں کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر واندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار پنہور اور رکن قومی اسمبلی منوہرلعل نے شکارپور زونل کمیٹی کے رکن رفیق جان بروہی کے ہمراہ چک شہر کے بازاروں، مارکیٹوں، شاہراہوں، پبلک پوائنٹس، ہوٹلوں اور دکانوں میں موجود افراد کو سکھر میں جلسہ عام کے حوالے سے ہینڈبل تقسیم کیے اور انہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں بھرپور شرکت کی دعوت دی۔ بعدازاں انہوں نے شبیرآباد، گاؤں رئیس علی نواز پھنور، گاؤں نیک محمد پنہوار اور گاؤں حاجی مراد میں بڑی کارنرمیٹنگز میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم مقامی ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ کارنرمیٹنگ میں عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جلسہ کی مکمل حمایت کرتے ہوئے بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی جن میں بزرگ، نوجوان اور بچوں کے علاوہ خواتین بھی شریک تھیں۔ نثار پنہور اور منوہرلعل نے میٹنگ کے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ 20 جنوری کا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' سندھ کی خوشحالی اور پاکستان کی مضبوطی کا ضامن ہے اور ملک میں تبدیلی کیلئے ایک اور قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے اس دن سندھ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوکر اپنے اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں گے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا جڑ سے خاتمہ کردینگے۔ انہوں نے کہا کہ غریبوں کی تقدیر وہی بدل سکتا ہے جو خود غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتا ہو، قائدتحریک الطاف حسین فرسودہ نظام کے خاتمے اور غریبوں کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کارنرمیٹنگ کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کو کامیاب بنانے کیلئے جلسہ عام میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

## جیکب آباد گڑھی خیرو گاؤں، دین پور کھوسہ گاؤں اور فقیر آباد سے تعلق رکھنے والی برادریوں کے افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا

## شمولیت کا اعلان گڑھی خیرو یونٹ میں منعقدہ کارزمیٹنگ کے اجتماع کے دوران کیا

جیکب آباد:۔۔۔12جنوری،2012ء

جیکب آباد گڑھی خیرو گاؤں، دین پور کھوسہ گاؤں، فقیر آباد سے تعلق رکھنے والی برادریوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور ان کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے 20 جنوری کو سکھر میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالا جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان کیلئے جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گڑھی خیرو یونٹ میں منعقدہ کارزمیٹنگ کے اجتماع کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین سیّد عسکری جعفری اور خالد حسین بگھیو، ایم کیوایم جیکب آباد زون کے انچارج محمد انور سیال و اراکین زونل کمیٹی گڑھی خیرو یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔شمولیت اختیار کرنے والی برادریوں کے افراد نے کارزمیٹنگ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی امیدیں ایم کیوایم سے وابستہ ہیں جو ملک میں مثبت تبدیلی کیلئے جدوجہد کوشاں ہے انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں غریب و متوسط طبقے کا انقلاب آئے گا یہی وجہ ہے کہ آج ہم ایم کیوایم کی ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مقبولیت اور جناب الطاف حسین پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے ایم کیوایم میں شامل ہوئے ہیں۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین سیّد عسکری جعفری اور خالد حسین بگھیو نے کارزمیٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کے قائد ہیں جو اپنی دوراندیش قیادت کے طفیل ملک وقوم کو درپیش بحرانوں سے نکالنا چاہتے ہیں، لہٰذا ہم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ جدوجہد میں حصہ لیں۔ بعدازاں انہوں نے مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والی برادریوں کا ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر خیر مقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## بلوچستان کے سابق وزیر و معروف سیاستداں سید تاج محمد شاہ کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔12،جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے اوستہ محمد بلوچستان سے سابق صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اور معروف سیاستدان سید تاج محمد شاہ نے جمعرات کے روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ملک کی موجودہ صورتحال، بلوچستان میں ایم کیوایم کی مقبولیت سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر انہوں نے ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات اور ونگز کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کے تنظیمی کاموں کا بغور مشاہدہ بھی کیا۔ واضح رہے کہ سید تاج محمد شاہ چند ماہ قبل ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرچکے ہیں اور ان دنوں کراچی آئے ہوئے ہیں۔

## محمود آباد سیکٹر کے کارکن حاجی محمد کے صاحبزادے کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12/جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن حاجی محمد کے معصوم صاحبزادے محمد اسماعیل کی حادثے میں انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب لطاف حسین نے حاجی محمد سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب لطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد اسماعیل کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے وفد کی درگاہ جھوک شریف کے سالانہ عرس میں شرکت، جناب الطاف حسین کی جانب سے درگاہ پر چادر چڑھائی

## عرس کے موقع پر درگاہ شریف پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے مفت طبّی کیمپ لگایا گیا

## مزار پر حاضر سینکڑوں زائرین بزرگ، نوجوان، بچوں اور خواتین نے طبّی سہولیات کی مفت فراہمی سے استعفادہ کیا

## وفد نے میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور زائرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا

## قائد تحریک الطاف حسین صوفیاں کرام کے پیغام امن ومحبت اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں، حق پرست صوبائی وزیر

## وفد میں عبدالحسیب، ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین کے علاوہ دیگر ذمہ داران شامل تھے

ٹھٹھہ۔۔۔12، جنوری 2012ء

ایم کیوایم کے وفد نے جمعرات کو درگاہ صوفی شاہ عنایت شہید جھوک شریف کے سالانہ عرس میں شرکت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے درگاہ شریف پر چادر چڑھائی۔وفد نے مزار شریف پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی ۔وفد میں حق پرست صوبائی وزیر برائے مذہبی امور عبدالحسیب ،ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین محمد عیسیٰ جوکھیو، عبدالرشید میمن، عبدالقادر پلیجو اور ارشاد احمد میمن کے علاوہ دیگر ذمہ داران شامل تھے۔اس موقع پر انہوں نے ملک کی بقاء وسلامتی، دہشت گردی کے خاتمے، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، شہداء کی مغفرت اور درجات کی بلندی، اسیروں کی رہائی اور سکھر میں ایم کیوایم کے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی کامیابی سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔بعدازاں انہوں نے درگاہ صوفی شاہ عنایت شہید جھوک شریف کے سالانہ عرس کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی حیدرآباد زون کے تحت مفت طبّی کیمپ کا دورہ کیا اور مزار شریف پر آنیوالے زائرین کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر طبّی کیمپ پر عوام کا رش قابل دید تھا لوگ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مفت سہولیات سے استعفادہ کرنے کیلئے دور دراز علاقوں سے آئے تھے جن میں بزرگوں، نوجوانوں، بچوں اور خواتین نمایاں تعداد میں شامل تھیں۔اس موقع پر عبدالحسیب نے کہا کہ سندھ دھرتی صوفیاں کرام کی دھرتی ہے بزرگان دین اور اولیاء اللہ نے ہمیشہ دین کی خدمت کی ہے اور ہمیشہ امن ومحبت اور بھائی چارگی کا درس دیا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے مزارات پر عوام کا جم غفیر ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین صوفیاں کرام کے پیغام امن ومحبت اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں اور 20 جنوری کا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' انعقاد کر کے انہوں نے سندھ میں بسنے والی تمام اکائیوں کو پیار ومحبت اور بھائی چارگی کا پیغام دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلا امتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور اسی مقصد کے تحت طبّی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔انہوں نے تمام زائرین سے اپیل کی کہ وہ 20 جنوری کو سکھر کے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں بھر شرکت کر کے اپنے اتحاد سے سندھ کے خلاف تمام سازشوں کو ناکام بنادیں۔اس موقع پر زائرین نے میڈیکل کیمپ کے انعقاد اور طبّی سہولیات کی مفت فراہمی پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور سکھر میں ایم کیوایم کے جلسہ عام میں اپنی بھرپور شرکت کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## ایم کیوایم ملتان زون ضلع لودھراں کے کارکن رانا جاوید کے انتقال پر صوبائی تنظیمی کمیٹی اور ملتان زون کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12 جنوری 2012ء

ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے ایم کیوایم ملتان زون ضلع لودھراں یوسی 3 کے کارکن رانا جاوید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک تعزیتی بیان میں انچارج واراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب، انچارج واراکین ملتان زون، انچارج واراکین ڈسٹرکٹ لودھراں نے مرحوم کے تمام سوگوار ولواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کے چچازاد بھائی شارق مجید کی فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔12 جنوری 2012ء

متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کے چچازاد بھائی شارق مجید (مرحوم) کا اجتماع فاتحہ سوئم مرحوم کی رہائش گاہ بسم اللہ ٹاور گلستان جوہر بلاک 10 میں منعقد کیا گیا۔فاتحہ سوئم میں مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی ۔سوئم میں ایم کیوایم کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مزمل قریشی ،ندیم مقبول صدیقی ،ایم کیوایم لیبر ڈویژن KDA یونٹ کے ذمہ داران، علاقائی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ دارن وکارکنان مرحوم کے عزیز وقارب نے شرکت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خالد بن ولایت اور خواجہ اظہار الحسن نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی عیادت کی

کراچی۔۔۔12،جنوری 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے کراچی کے مقامی ہسپتال میں زیر علاج شہنشاہ غزل مہدی حسن کی عیادت کی اور ان صاحبزادے آصف مہدی سے ملاقات کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مہدی حسن کی خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا۔آصف مہدی نے مہدی حسن کی طبیعت کے حوالے سے آگاہ کیا اور خیریت دریافت کرنے پر جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر خالد بن ولایت اور خواجہ اظہار الحسن نے اللہ تعالیٰ کے حضور مہدی حسن کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم معمار سیکٹر کے جواں سال کارکن شیخ فیصل عزیز کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12،جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم معمار سیکٹر اسکیم 33 کے جواں سال کارکن شیخ فیصل عزیز کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شیخ فیصل عزیز مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں پوری برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ فیصل عزیز مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

## 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا ایم کیوایم کا جلسہ عام باطل قوتوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا،محمد شریف

## حیدرآباد میں سیٹھ ہدایت اللہ اسکول میں منعقدہ ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔12جنوری 2012

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف نے سکھر کا جلسہ عام سندھ سے موروثی سیاست اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم کردار ادا کریگا اور اس جلسہ عام میں تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والی غریب ومظلوم عوام اپنے اتحاد کی اعلیٰ مثال قائم کرے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد میں سیٹھ ہدایت اللہ اسکول میں منعقدہ ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں اراکین زونل کمیٹی،سیکٹرز و یونٹس اور شعبہ خواتین وشعبہ جات کے ذمہ داران کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو روکنے کیلئے باطل قوتیں دیوار بنی مگر اس کے باوجود وہ اپنے ناپاک عزائم میں کامیابی حاصل نہیں کرسکیں اور آج ملک بھر میں بھی قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی عام ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق وسچ پر مبنی ہے جو تمام تر مشکلات ومصائب کے باوجود اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ دن دور نہیں جب اس ملک میں حقیقی معنوں میں عوام کی حکمرانی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا ایم کیوایم کا جلسہ عام باطل قوتوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے حامی افراد نے ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کا سلسلہ شروع کررکھا ہے اور ہمیں انکی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے اپنے کو اتحاد مذید متحد و منظم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔لہذا ساتھی اپنا نظم و ضبط بہتر بنائیں تاکہ ہم ہر آنے والے حالات کا متحد و منظم ہوکر مقابلہ کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کوئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک انقلابی تحریک ہے اور تحریک کے کارکنان نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ہماری تحریک میں ہر زبان،رنگ،نسل اور مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہیں اور 98% فیصد عوام کے اس اتحاد واتفاق کا گلدستہ ہیں جو قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں جلد سے جلد اپنی منزل حاصل کرلے گے۔

## ایم کیوایم برطانیہ ساؤتھ آل یونٹ کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن:۔۔۔11 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ ساؤتھ آل یونٹ کے رکن محسن سعید کی خوشدامن محترمہ دلشاد سلیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بھی محسن سعید سے ان کی خوشدامن محترمہ دلشاد سلیم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے(آمین)

## جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' ملک میں عوام کی حکمرانی کا انقلاب برپا کرنے کی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا، محمد علی شاہ
## ٹنڈوالہ یار زون یونٹ پیارولنڈ میں منعقدہ عوامی اجتماع کے شرکاء سے خطاب

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔12 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ 20، جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' ملک میں عوام کی حکمرانی کا انقلاب برپا کرنے کی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹنڈوالہ یار زون یونٹ پیارولنڈ میں منعقدہ عوامی اجتماع کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر زونل کمیٹی کے اراکین آفتاب عالم، امجد حسین جاگیرانی اور ارسلان خانزادہ بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت ملک کو بحرانوں کے دلدل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔اور مختلف اندرونی و بیرونی مسائل سے نمٹنے کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ طرز سیاست نے سندھ کی عوام کو تباہی و بربادی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔لہٰذا اپنے حقوق کے تحفظ کی خاطر پوری قوم کو ظلم و جبر کے نظام کے خلاف اعلان جنگ کرنا ہوگا۔تاکہ ہماری آنے والی نسلیں معاشرتی مساوات پر مبنی نظام کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ بیس جنوری کے دن سندھ کی عوام فرسودہ سیاسی نظام کے خلاف فیصلہ کن جدوجہد کا آغاز کر کے اپنی آنے والی نسلوں کے مستقبل کو محفوظ بنائیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے فرسودہ سیاسی نظام کو بدلنے کی غرض سے سیاست برائے خدمت کو فروغ دیا ہے، عظیم دانش
## میرپورخاص زون یونٹ 2/B کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔12 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے فرسودہ سیاسی نظام کو بدلنے کی غرض سے سیاست برائے خدمت کو فروغ دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونٹ 2/B کے کارکنان کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج محمد خالد مجید اور زونل ممبر عبدالنعیم خان بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ مفاد پرست سیاست دانوں نے پاکستان میں کرپشن کا بازار گرم کیے رکھا جس سے ادارے تباہ و برباد ہوئے اور ملک میں بے روزگاری اپنی انتہا کو پہنچ گئی، جرائم کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا اور ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے، لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر عمل کرتے ہوئے حق پرست نمائندوں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا یہی وجہ ہے کہ آج ملک کے باشعور اور تعلیم یافتہ نوجوان قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہو کر ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں۔

## پروفیسر سہیل احمد کے والد کے انتقال پر میرپورخاص زون کا اظہارِ تعزیت مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا
## مرحوم کی نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش، جوائنٹ زونل انچارج محمد عارف علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت مرحوم کے عزیز و اقارب کی بڑی تعداد میں شرکت

میرپورخاص:۔۔۔12 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش و اراکین زونل کمیٹی اور حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی نے پروفیسر سہیل احمد کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا فرمائے۔علاوہ ازیں سہیل احمد کو مقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔مرحوم کی نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش، جوائنٹ زونل انچارج محمد عارف، علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆